شعبہ حفظ میں مختلف حلقات میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ

مجموعہ(۱)	عدنان احمد بن محمد طیب	عبدالعزیز بن محمد عبداللہ	انعام اللہ بن نور محمد	ذبیح الرحمان	
مجموعہ(۲)	محمد احمد بن احمد حقیق	عبدالرحیم بن عبدالحفیظ	نسیم مہدی بن محمد مہدی		
مجموعہ(۳)	اسلام الدین بن محی الدین	فیصل جاوید بن جاوید اقبال	عزیز احمد محمد گل		
مجموعہ(۴)	عبدالشکور بن عبدالرشید	اسامہ مدنی بن علامہ مدنیؒ	ابتسام بن محمد صدیق		
مجموعہ(۵)	عمر ادریس بن محمد ادریس	محمد وقاص بن محمد ریاض			
مجموعہ(٦)	سمیع اللہ بن امانت اللہ	ابو ہریرہ بن محمد ہاجر	ابوبکر بن محمد منشاء		
مجموعہ(۷)	ذیشان بن محمد یونس	حسن سرفراز بن سرفراز احمد	محمد اجمل		

جامعہ کے نئے تعلیمی سال کا آغاز

دو ماہ کی سالانہ تعطیلات کے بعد مورخہ 8 شوال کو دونوں جامعات کے نئے تعلیمی سال کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ شعبہ کتب، شعبہ حفظ اور ناظرہ میں طلبہ کا داخلہ شروع ہے۔ داخلہ کیلئے کم از کم پرائمری پاس ہونا ضروری ہے۔ داخلہ کے وقت والد یا سرپرست کا ہمراہ آنا ضروری ہے۔

وفیات

ڈاکٹر محمد اسحاق صاحب آف کالا گجراں کا انتقال

حاجی محمد ابراہیمؒ کے بیٹے ڈاکٹر محمد اسحاق صاحب طویل علالت کے بعد مورخہ 16 دسمبر بروز سوموار اللہ کو پیارے ہو گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم جامع مسجد ابراہیمی اہل حدیث احسان روڈ کالا گوجراں کے نمازیوں میں سے تھے۔ جب تک صحت نے انہیں اجازت دی وہ باجماعت نماز ادا کرتے رہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی بشری غلطیوں سے درگزر فرمائے اور انہیں کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے۔ آمین

میاں خلیق الرحمٰن، ساجد الرحمٰن، شفیق الرحمٰن اور زبیر نظامی برادران کو صدمہ

ڈھوک عبداللہ جہلم میں جماعت کے مخلص ساتھی میاں خلیق الرحمٰن کی والدہ محترمہ اور زبیر نظامی برادران کی ہمشیرہ مورخہ 18 دسمبر بروز بدھ کو اس دنیائے فانی سے رخصت ہو گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ بڑی دیندار اور صوم وصلوۃ کی پابند خاتون تھیں۔ نیکی کے کاموں میں وہ بڑھ چڑھ کر حصہ لیتیں۔